**09-05-2024**
**21.15 Hrs**
**آداب**
**یہ آکاشوانی ہے**
**خبروں کے ساتھ میں محمدعمار**

**-----------------------------------**

** صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے نئی دلّی کے راشٹرپتی بھون میں شہری ایوارڈ تفویض کرنے کی تقریب میں پدم ایوارڈز تقسیم کئے۔

* بڑی سیاسی پارٹیوں کے لیڈروں نے لوک سبھا انتخابات کے باقی ماندہ مرحلوں کیلئے انتخابی مہم تیز کردی ہے۔

* وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے نئی دلّی میں مالدیپ کے اپنے ہم منصب سے ملاقات کی۔ انھوں نے کہا ہے کہ دونوں ملکوں کے درمیان تعلقات کا فروغ جوابی حساسیت پر مبنی ہے۔

* تمل ناڈو کے سیوکاسی میں پٹاخوں کی ایک فیکٹری میں ہوئے دھماکے میں 9 افراد ہلاک ہوگئے ہیں۔

* اور خواتین کی ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں آج سلہٹ میں، بھارت نے بنگلہ دیش کے خلاف آخری میچ میں 21 رن سے جیت حاصل کرکے، پانچ صفر سے سیریز جیت لی ہے۔

-----------------------------------

(Music)

-----------------------------------

اب خبریں تفصیل سے

**Rev. Prez Padama Awards**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے آج راشٹرپتی بھون، نئی دلّی میں شہری اعزازات کی دوسری تقریب میں پدم ایوارڈس عطا کیے۔ صدر جمہوریہ نے مشہور اداکارہ ویجنتی مالا بالی اور تیلگو فلم اداکار Konidela چرنجیوی کو پدم وبھوشن ایوارڈس عطا کیے۔ ایشیا میں سپریم کورٹ کی پہلی خاتون جج ایم فاطمہ بی بی کو بھی بعد از مرگ پدم بھوشن ایوارڈ سے نوازا گیا۔ مشہور ماہرِ امراضِ قلب ڈاکٹر اشون بالا چند مِہتا اور آزمودہ کار سیاسی رہنما O راجا گوپال کو بھی پدم بھوشن ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔
Togdan Rinpocheکو بھی روحانیت کے شعبے میں اُن کے غیرمعمولی تعاون کیلئے بعد از مرگ پدم بھوشن ایوارڈ دیا گیا۔
جوشنا Chinappa کو کھیلوں کے شعبے میں تعاون کیلئے پدم شری ایوارڈ عطا کیا گیا۔
K Chellammalکو زراعت کے شعبے میں تعاون کیلئے پدم شری ایوارڈ سے سرفراز کیا گیا۔ ہندوستانی کلاسیکی گلوکار Som Datt Battu اور مجسمہ ساز A Velu Ananda Chariکے علاوہ دیگر شخصیات کو پدم شری ایوارڈس عطا کیے گئے۔x

**Campaigning**

مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈر، لوک سبھا کے باقی ماندہ مرحلوں کیلئے ریاستوں میں ریلیاں منعقد کر رہے ہیں۔ سینئر BJP لیڈر امت شاہ نے تلنگانہ کے Bhongir لوک سبھا حلقے میں آج انتخابی مہم کی۔ سینئر کانگریس لیڈر راہل گاندھی نے آج شام دیر گئے

آندھرا پردیش میں Narsapur اور تلنگانہ میں Saroornagar میں انتخابی ریلیوں سے خطاب کیا۔ BRS کے سربراہ کے چندر سیکھر راؤ، تلنگانہ کے کریم نگر میں ایک روڈ شو کیا۔

اترپردیش میں زبردست سیاسی انتخابی مہم جاری ہے۔ سینئر BJP لیڈر اور پارٹی صدر جگت پرکاش نڈّا نے آج ریاست میں انتخابی مہم کی۔ فتح پور میں ایک سیاسی اجتماع میں انھوں نے کہا کہ NDA کی حکومت نے گذشتہ دس سالوں میں ترقی کیلئے کام کیا ہے۔

S/B 2100 J.P. Nadda On Modi Jee

انھوں نے چترکوٹ میں بھی ایک سیاسی ریلی کی۔ بعد میں شام میں انھوں نے لکھنؤ، اُنّاؤ، موہن لال گنج اور رائے بریلی لوک سبھا حلقوں کے سینئر پارٹی عہدیداران اور اُن حلقوں کے MLAs اور MLCs کے ساتھ میٹنگ کی جہاں انتخابات کے چوتھے مرحلے میں پولنگ ہوگی۔

سینئر BJP لیڈر اور لکھنؤ حلقے سے امیدوار راجناتھ سنگھ نے سینئر پارٹی لیڈر دانشوران کے اجتماع سے خطاب کیا جبکہ اترپردیش کے وزیر اعلیٰ یوگی آدتیہ ناتھ نے بھی لکھیم پور کھیری اور سیتاپور ضلع میں ریلیوں سے خطاب کیا۔

دوسری جانب سماجوادی پارٹی کے سربراہ اکھلیش یادو نے آج بہرائچ میں ایک ریلی سے خطاب کیا اور کہا کہ BJP کسانوں اور ملک کے نوجوان کے خلاف کام کر رہی ہے۔

انھوں نے Dhaurahra اور لکھیم پور کھیری حلقوں میں انتخابی مہم کی۔

کانگریس کی جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی واڈرا نے آج رائے بریلی حلقے میں انتخابی مہم کی اور کہا کہ جہاں کہیں بھی اُن کی پارٹی اقتدار میں آئی ہے اُس نے اُن تمام وعدوں کو پورا کیا ہے جو منشور میں کئے گئے تھے اور ایسا ہی یہاں بھی کیا جائے گا۔

S/B 2100 Priyanka Gandhi

بہوجن سماج پارٹی کی سربراہ مایاوتی نے بھی آج قنوج ضلع میں ایک ریلی سے خطاب کیا اور BJP پر حملہ بولا۔ انھوں نے کہا کہ بھارتیہ جنتا پارٹی بھی وہی اقدامات کر رہی ہے جن کی وجہ سے کانگریس حکومت کو اقتدار سے ہاتھ دھونے پڑے تھے۔x

LS Poll 6th Phase Withdrawal

لوک سبھا انتخابات کے چھٹے مرحلے کیلئے نام واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔ اس مرحلے میں اِس مہینے کی 25 تاریخ کو 6 ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام 2 علاقوں میں مجموعی طور سے 58 پارلیمانی حلقوں میں پولنگ ہوگی۔ دلّی کی تمام 7 سیٹوں، ہریانہ کی تمام 10 سیٹوں، اترپردیش کی 14 نشستوں، بہار اور مغربی بنگال میں آٹھ۔آٹھ سیٹوں، اڈیشہ کی 6 سیٹوں، جھارکھنڈ میں 4 سیٹوں اور جموں وکشمیر کی ایک سیٹ پر اِس مرحلے میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ تمام مرحلوں کے ووٹوں کی گنتی اگلے مہینے کی 4 تاریخ کو ہوگی۔x

**Gujrat Repolling**

انتخابی کمیشن نے گجرات میں Dahod سیٹ پر پولنگ کے عمل میں بے ضابطگی کے واقعات پیش آنے کے بعد Santrampur میں پرتھم پور پولنگ اسٹیشن پر دوبارہ پولنگ کرانے کا اعلان کیا ہے۔ دوبارہ پولنگ ہفتے کے روز صبح 7 بجے سے شام 6 بجے تک ہوگی۔ آج گاندھی نگر میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے، جوائنٹ CEO اے۔ بی پٹیل نے

کہا کہ ایک وائرل ویڈیو کے بارے میں شکایت موصول ہونے کے بعد ریٹرنگ افسر نے بے ضابطگی کی رپورٹ درج کی تھی، جس کی بنیاد پر دوبارہ پولنگ کرانے کا فیصلہ لیا گیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ پولنگ کے دن پرتھم پور پولنگ بوتھ پر ڈیوٹی پر تعینات چار پولنگ اسٹاف سمیت چھ افراد کو معطل کر دیا  گیا ہے۔ x

## LS Speaker

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا نے کہا ہے کہ بھارتی جمہوریت وقت کی کسوٹی پر کھری اتری ہے اور اس نے دنیا کو آگے کا راستہ دکھایا ہے۔ وہ آج نئی دلّی میں پارلیمنٹ ہاؤس کے احاطے میں IIMUN سے وابستہ نوجوان طلبا کے وفد سے خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے مزید کہا کہ پارلیمنٹ، بھارت کے 140 کروڑ لوگوں کی امیدوں، خوابوں اور امنگوں کی نمائندگی کرتا ہے نیز ان کے معاملات اور مسائل کا حل فراہم کرتا ہے۔ جناب برلا نے مزید کہا کہ قدیم زمانے سے ہی جمہوریت، بھارت میں پروان چڑھی ہے اور لوگوں کی خوشحالی اور ترقی کو یقینی بنانے کیلئے ضروری طریقۂ کار دستیاب کرایا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ بھارت، دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہے اور دنیا کو بھارت سے بہت کچھ سیکھنا ہے۔

لوک سبھا اسپیکر نے اجاگر کیا کہ بھارت کا آئین آگے کی راہ دکھاتا ہے اور ہر شہری کے حقوق کی حفاظت کرتا ہے۔ آئین، سماج کے سب سے کمزور افراد کیلئے انصاف کو یقینی بناتا ہے۔ آئینی اقدار کے تئیں وزیر اعظم نریندر مودی کے پختہ عزم کا ذکر کرتے ہوئے جناب برلا نے کہا کہ وہ اِس بات سے بے حد خوش ہیں کہ نوجوانوں کے فائدے کیلئے ملک بھر میں Know Your Constituion یعنی اپنے آئین کے بارے میں جانئے، پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔ x

## MEA Maldives

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور مالدیپ کے وزیر خارجہ موسیٰ ضمیر نے آج نئی دہلی میں اپنی میٹنگ کے دوران بھارت-مالدیپ کے باہمی تعلقات نیز علاقائی اور سیکیورٹی کے معاملات کے تمام پہلوؤں پر تبادلہ خیال کیا۔ وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ دونوں وزراء نے صلاحیت سازی، تربیت اور قدرتی آفات سے راحت سمیت کئی دیگر امور پر بھی غور و خوض کیا جو باہمی شراکت داری کا حصہ ہیں۔

ایران میں MSC Aries  نامی جہاز پر سوار 16 ملاحوں کے بارے میں ترجمان نے کہا کہ بھارت     ایرانی حکومت کے ساتھ رابطے میں ہے تاکہ انہیں جلد از جلد رہا کیا جا سکے۔ انھوں نے کہا کہ ان کی واپسی ان کے معاہدے کی شرائط پر منحصر ہے۔

دہشت گرد ہردیپ سنگھ ننجر کے قتل میں کینیڈا میں گرفتار تین بھارتی شہریوں کے بارے میں ترجمان نے کہا کہ کینیڈا نے بھارت کو گرفتاری کے بارے میں آگاہ کر دیا ہے۔

ایک اور سوال کے جواب میں جناب جیسوال نے کہا کہ دبئی سے ایک چارٹرڈ طیارہ کنگسٹن، جمائیکا میں اترا، جس پر کئی بھارتی افراد سوار تھے۔ انھوں نے کہا کہ ان کے پاس پہلے سے سفر اور ہوٹل کی بکنگ تھی لیکن مقامی حکام سیاحوں کے طور پر ان سے مطمئن نہیں تھے۔ انھوں نے کہا کہ مناسب رسمی کارروائیوں کے بعد انہیں 7 مئی کو دبئی بھیج دیا گیا۔

منگل کو قومی راجدھانی میں منعقدہ یوروپی یونین اور بھارت کے درمیان انسداد دہشت گردی سے متعلق 14 ویں مذاکرات کے بارے میں وزارت خارجہ نے کہا کہ یہ مذاکرات بھارت-یوروپی یونین اسٹریٹجک شراکت داری کو جاری رکھنے اور بڑھانے کا ایک موقع تھا۔
یوروپی یونین اور بھارت نے دہشت گردی کی تمام شکلوں کی سخت مذمت کی اور انسداد دہشت گردی کے چیلنجوں سے نمٹنے کیلئے بین الاقوامی تعاون کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ x

## J&K IAF Convoy

جموں وکشمیر میں 4 مئی کو پنچھ ضلع کے Shaistar علاقے میں بھارتی فضائیہ کے ایک قافلے پر حملہ کرنے کے ذمے دار دہشت گردوں کا پتہ لگانے کیلئے ناکہ بندی اور تلاشی کی کارروائیاں جاری ہیں، جس کا آج چھٹا دن ہے۔ اس حملے میں کارپورل رینک کے عملے کے افراد جاں بحق ہوگئے تھے۔ آکاشوانی جموں کے نمائندے نے خبر دی ہے کہ فوج، پولیس اور CRPF سمیت سکیورٹی فورسز نے ناکہ بندی اور تلاشی کی کارروائیاں مزید تیز کردی ہیں جو کہ سورن کوٹ پٹی میں تقریباً 20 مربع کلو میٹر کے علاقے میں کی جارہی ہیں۔ ڈرونز اور جاسوس کتوں سمیت نگرانی کے آلات سے لیس تلاشی کی یہ کارروائی، سورن کوٹ بیلٹ میں Shaistar، گُرسائی، سَنائی، لَسانا اور Sheendara میں جاری ہیں۔
سکیورٹی فورسز اُن دہشت گردوں کی شناخت حاصل کرنے میں مشغول ہیں، جن کی تین سے چار تصاویر، جنھیں علاقے کے CCTV فوٹیج سے حاصل کیا گیا ہے، مشتہر کی جاچکی ہیں۔ اُن دو افراد کی گرفتاری سے متعلق کسی بھی طرح کی معلومات فراہم کرنے کیلئے 20 لاکھ روپئے کے نقد انعام دینے کے پوسٹر بھی سورن کوٹ میں چسپاں کئے گئے ہیں جن کے بارے میں سمجھا جاتا ہے کہ وہ اِس معاملے کے اصل ملزمان ہیں۔ ابھی تک 26 افراد کو پوچھ تاچھ کیلئے تحویل میں لیا گیا ہے اور حکام مزید سراغ کیلئے کچھ CCTV فوٹیج کا جائزہ لے رہے ہیں۔ منگل کے روز سکیورٹی فورسز کے ذریعے شروع کی گئی تلاشی کی کارروائی بھی، راجوری ضلع کے Sada اور Kandi علاقوں میں جاری ہیں۔x

## India EU Counter Terrorishm

یورپی یونین اور بھارت نے، نئی دلّی میں اِس مہینے کی 7 تاریخ کو اپنے چودھویں انسداد دہشت گردی مذاکرات منعقد کئے۔ وزارت خارجہ نے کہا کہ یہ مذاکرات یورپی یونین- بھارت جامع شراکت داری کے اِس اہم عنصر سے متعلق تعاون کو جاری رکھنے اور اس میں اضافہ کرنے کا ایک موقع تھا۔ یورپی یونین اور بھارت نے دہشت گردی کی ہر شکل اور طریقے کی شدید مذمت کی اور انسداد دہشت گردی کے چیلنجوں سے نمٹنے میں بین الاقوامی تعاون کو مستحکم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ اس تناظر میں انھوں نے اِس بات سے اتفاق کیا کہ اقوام متحدہ اور انسدادِ دہشت گردی کی عالمی فورم جیسے کثیر ملکی فورم میں تعاون انتہائی اہم ہے۔ یورپی یونین اور بھارت نے بھارتی اور یورپی قانون نافذ کرنے والی ایجنسیوں کے درمیان تعلقات کو گہرا کرنے کے طور طریقوں پر تبادلہ خیال کیا۔

انھوں نے Europol اور بھارت کی تحقیقات کی مرکزی بیورو، CBI کے درمیان کام کرنے کے انتظام پر دستخط کرنے کا خیرمقدم کیا۔x

## Bangladesh Foreign Secretary Visit

بھارت کے خارجہ سکریٹری Vinay Kwatra، بنگلہ دیش کے دور روزہ سرکاری دورے پر تھے۔ وہ بدھ کی شام کو ڈھاکہ پہنچے تھے۔ جنوری 2024 میں نئی سرکار کی تشکیل کے بعد یہ بنگلہ دیش کا پہلا سرکاری دورہ تھا۔ دورے کے دوران، خارجہ سکریٹری نے آج صبح وزیر اعظم شیخ حسینہ اور وزیر خارجہ ڈاکٹر حسن محمود سے ملاقات کی۔ انھوں نے اپنے ہم منصب مسعود بن مومن سے بھی ملاقات کی۔ آج شام وزارت خارجہ کے ذریعے جاری ایک پریس ریلیز میں کہا گیا کہ بنگلہ دیش کا یہ دورہ، بھارت کی 'پڑوسی پہلے' کی پالیسی کو اعلیٰ ترجیح دینے کے عین مطابق ہے۔ بنگلہ دیش، خطے میں بھارت کا سرکردہ ترقیاتی شریک ہے نیز یہ اس کا سب سے بڑا تجارتی شریک بھی ہے۔ پریس ریلیز میں کہا گیا کہ خارجہ سکریٹری کا دورہ، توقع ہے باہمی تعلقات کو مزید مستحکم کرے گا نیز متنوع شعبوں میں تعاون کو استحکام فراہم کرے گا۔x

## NIA

قومی تحقیقاتی ایجنسی، NIA نے جموں وکشمیر کے کپواڑہ علاقے میں حزب المجاہدین کے ارکان کے زیر ملکیت چار جائیدادوں کو قرق کیا ہے۔ یہ کارروائی، کشمیر اور بھارت کے دیگر حصوں میں دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچے کو ختم کرنے کی اپنی مہم کے ایک حصے کے طور پر، NIA کے ذریعے، جموں وکشمیر میں ممنوعہ دہشت گرد تنظیم جیش محمد کے سرکردہ ملی ٹینٹس کی 6 غیر منقولہ جائیدادوں کو قرق کرنے کے ایک دن بعد کی گئی ہے۔ NIA نے ایک ریلیز میں کہا کہ اُس کی تحقیق کے مطابق جن چار جائیدادوں کو آج قرق کیا گیا ہے انھیں دہشت گردی کو بڑھاوا دینے میں ملوث پایا گیا ہے۔ دہشت گردانہ کارروائیاں تیار کرنے اور دہشت گردانہ حملوں کیلئے استعمال کی جانے والی اِن جائیدادوں کا تعلق ملزمان محمد عالم بھٹ، محمد یوسف خواجہ، Shabir Ahmed Gakhad اور ذاکر حسین میر سے تھا۔

اِن سب کا تعلق حزب المجاہدین کے پاکستان میں قائم ہینڈلرس اور آپریٹیوز کے ساتھ تھا۔ NIA کی تحقیقات میں سامنے آیا ہے کہ چار افراد ہتھیاروں، گولہ بارود اور منشیات کی غیرقانونی فراہمی میں ملوث تھے۔ وہ فعال طور پر کشمیر میں ملی ٹینسی پھیلا رہے تھے اور اُسے بڑھاوا دے رہے تھے۔x

## Virudhunagar Cracker Blast

تمل ناڈو میں Virudhunagar کے سیوکاسی کے Chengalapatti میں پٹاخوں کی ایک فیکٹری میں ہوئے دھماکے میں مرنے والوں کی تعداد بڑھ کر 9 ہوگئی ہے۔ اِس حادثے میں 7 خواتین سمیت دیگر 12 کارکنان شدید طور پر زخمی ہوگئے۔ حادثے میں مرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوسکتا ہے۔ پولیس نے فیکٹری کے مالک کے خلاف ایک معاملہ درج کرلیا ہے۔x

## President Sivakasi

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے تمل ناڈو میں سیوکاسی کے نزدیک پٹاخوں کی ایک فیکٹری میں ہوئے دھماکے کے المناک حادثے پر رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ میں صدر جمہوریہ نے کہا کہ پٹاخوں کی فیکٹری میں ہونے والے دھماکے کے باعث بہت سی جانیں تلف ہونے پر اُنھیں بہت صدمہ ہوا ہے۔ انھوں نے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ دِلی تعزیت کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے زخمیوں کے تیزی کے ساتھ صحتمند ہونے کی دعا بھی کی۔x

## VP Ayodhya Visit

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ، کل ایودھیا کے دورے پر جائیں گے۔ ان کے دفتر سے موصولہ اطلاع کے مطابق نائب صدر جمہوریہ اپنی اہلیہ ڈاکٹر سودیش دھنکھڑ کے ہمراہ ایودھیا میں شری رام للّا مندر، ہنومان گڑھی مندر اور Kuber ٹیلہ جائیں گے۔ ایودھیا کے اپنے ایک روزہ دورے کے دوران نائب صدر جمہوریہ سریو گھاٹ پر آرتی میں بھی شرکت کریں گے۔ اس سے قبل صدر جمہوریہ دروپدی مرمو بھی رام مندر میں پوجا ارچنا کرچکی ہیں۔ x

## EAC PM Report

بھارت میں، 1950 سے 2015 تک، صرف میانما کے بعد، قریبی جنوب ایشیائی پڑوسی ممالک کے اندر، اکثریتی آبادی میں سات اعشاریہ آٹھ دو فیصد کی دوسری بار انتہائی نمایاں کمی ہوئی ہے۔ وزیر اعظم کی اقتصادی مشاورتی کونسل EAC-PM کے ایک ورکنگ پیپر کے مطابق بھارت میں اقلیتی گروپوں کے حصے میں اضافہ ہوا ہے جن میں مسلم، عیسائی، بودھ اور سکھ شامل ہیں جبکہ جینی اور پارسیوں کے حصے میں کمی ہوئی ہے۔ وزیر اعظم کے پینل نے کہا کہ 1950 میں ہندو آبادی کا حصہ 84 اعشاریہ چھ آٹھ فیصد تھا جو 2015 میں کم ہوکر 78 اعشاریہ زیرو چھ فیصد ہوگیا تھا۔ 1950 اور 2015 کے درمیان مسلم آبادی میں 43 اعشاریہ ایک پانچ فیصد کا اضافہ ہوا جبکہ عیسائیوں کی آبادی پانچ اعشاریہ تین آٹھ فیصد بڑھی۔

اس پیپر نے 167 ممالک میں مذہبی اقلیتوں کے حصے کا بین ملکی تفصیلی تجزیہ فراہم کیا ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ بنگلہ دیش، پاکستان، سری لنکا، بھوٹان اور افغانستان میں اقلیتوں کی آبادی میں نمایاں کمی ہوئی ہے۔ دوسری جانب 167 ملکوں کیلئے اکثریتی مذہبی آبادی کے حصے میں، 1950 سے 2015 کے درمیان اوسطاً 22 فیصد کی کمی آئی ہے۔x

## Women's Cricket Result

خواتین کی ٹی-ٹوینٹی کرکٹ میں آج سلہٹ میں بنگلہ دیش کے خلاف پانچویں اور آخری میچ میں 21 رن سے جیت حاصل کرنے کے بعد، بھارت نے پانچ صفر سے سیریز جیت لی ہے۔ 157 رن کا جیت کا نشانہ حاصل کرنے کیلئے کھیلتے ہوئے بنگلہ دیش نے مقررہ 20 اوور میں 6 وکٹ کے نقصان پر 135 رن بنائے۔ رادھا یادو کو شاندار گیندبازی کیلئے پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔ انھوں نے تین انتہائی اہم وکٹ حاصل کئے۔ انھیں پلیئر آف دی سیریز کا ایوارڈ بھی دیا گیا۔ اس سے قبل، بھارت نے اِس سیریز کے سب سے زیادہ رن بنائے کیونکہ اُس نے 20 اوور میں پانچ وکٹ کے نقصان پر 156 رن اسکور کئے۔x

**Table Tennis**

ٹیبل ٹینس میں آج جدہ میں سعودی Smash کے کوارٹر فائنل مقابلے میں منیکا بَترا، جاپان کی عالمی نمبر پانچ کھلاڑی حنا Hayata سے ہار گئیں۔ حنا Hayata عالمی نمبر 39 کھلاڑی منِیکا کو سات-گیارہ، گیارہ-چھ، گیارہ-چار، تیرہ-گیارہ، گیارہ-دو سے ہراکر سیمی فائنل میں پہنچ گئیں۔ منیکا بَترا نے اپنی مہم کی شروعات رومانیہ کی کھلاڑی Andreea Dragoman کو گیارہ-چھ، تیرہ-گیارہ، گیارہ-آٹھ سے ہراکر کیا تھا۔ x

*******